ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (75)

10.02.24

بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی پروفیشنل کمانڈ "پرامن جنرل الیکشن کا انعقاد "ڈی پی او نے جنرل الیکشن 2024 کے پرامن انعقاد کے حوالے سے سکیورٹی اداروں، پولیس افسران و جوانوں اور دیگر معاونین اداروں کو تعاون اور اچھی ڈیوٹی سرانجام دینے پر خراج تحسین پیش کیا۔ ہمیشہ محنت، جانفشانی سے اپنے فرائض سرانجام دیں، کسی شرپسند کو امن خراب کرنے کا موقع نہیں دیں گے،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن آف پاکستان کی طرف سے دی گئی ہدایات اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی پروفیشنل کمانڈ کے باعث الیکشن 2024 کے پرامن انعقاد کو یقینی بنایا گیا۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیر کمانڈ سکیورٹی انتظامات پر کڑی نظر رکھی گئی۔اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے کہا کہ پولنگ کا عمل بلا تاخیر شروع ہو کر مقررہ وقت میں ختم ہوا۔ضلع بھر میں A کیٹگری کے 79 پولنگ اسٹیشنز ،B کیٹگری کے 370 جبکہ C کیٹگری کے 1152 پولنگ اسٹیشنز سمیت کل 1601 پولنگ اسٹیشنز پر پولنگ عملہ کو سکیورٹی فراہم کرتے ہوئے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے 4000 سے زائد افسران و جوان اور 3000 سے زائد وولنٹیرز کے علاوہ دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بھی اپنے فرائض سرانجام دیئے۔ پولنگ اسٹیشن ہائے پر پولنگ میٹریل اور پولنگ سٹاف کی سیکیورٹی یقینی بنانے میں متعلقہ ایس ایچ اوز نے فرض شناسی کا مظاہرہ کیا۔اس موقع پر پولیس کے تمام سینئر افسران ہمہ وقت فیلڈ میں موجود اور چوکس رہے۔تمام پولنگ اسٹیشن ہائے پر A+ ڈیوٹی لگائی گئی ۔الیکشن کمیشن کی طرف سے جاری کردہ ہدایات پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنایا گیا۔اس دوران بہاولپور پولیس کا کنٹرول روم مکمل فعال اور ایکٹیو رہا، پولنگ ڈے پر کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آیا ہے۔الیکشن کے پرامن انعقاد میں سول سوسائٹی نے بھی مثبت کردار ادا کیا۔ پولیس اور دیگر معاون اداروں نے دل جمعی سے کام کیا جو شاباش کے مستحق ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ کسی بھی شرپسند عناصر کو امن میں خرابی پیدا کرنے کا موقع نہیں دیا اور نہ ہی مستقبل میں ایسی کوئی گنجائش ہوگی۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈی پی او سید محمد عباس نے جنرل الیکشن 2024 کے پرامن انعقاد کے حوالے سے سکیورٹی اداروں، پولیس افسران و جوانوں اور دیگر معاونین اداروں کو تعاون اور اچھی ڈیوٹی سرانجام دینے پر خراج تحسین پیش کیا

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(76)

10.02.24

بہاول پور(   )آئی جی پنجاب اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے مجرمان اشتہاری ومفرور ملزمان کی گرفتاریوں کے احکامات، بہاولپور پولیس نے 10سال سے بیرون ملک فرار ہونے والے اشتہاری کو بذریعہ انٹر پول بیرون ملک سے گرفتار کرلیا۔جرائم پیشہ افراد کو کیفر کردار تک پہنچانے کا سلسلہ جاری رہے گا،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کی مفرور ملزمان کی گرفتاریوں کے حوالے جاری احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے بہاولپور سے بیرون ملک فرار ہونے والے مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاریوں اوران کے خلاف ضابطہ کی کارروائیاں کرنے کے احکامات جاری کیئے ،جس کے نتیجہ میں بہاولپور پولیس نے 2014 میں ملک سے فرار ہونے والے مجرم اشتہاری ذوالقرنین ولد اللہ وسایا جو کہ قتل کے مقدمہ میں تھانہ عباس نگر پولیس کو مطلوب تھا، کو بذریعہ انٹر پول ریڈ وارنٹ جاری کروا کر بیرون ملک سے گرفتار کر کے بہاولپور لایا گیا ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ مجرم جتنا بھی ہوشیار کیوں نہ ہو قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا۔شہریوں کی دادرسی اس صورت میں ہوسکتی ہے جب ہم ان کے جان ومال کا نقصان کرنے والوں کو آہنی ہاتھوں سے نمٹیں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں مزید ایسی کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا اور مفرور ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ عباس نگر پولیس نے 2014 میں بیرون ملک فرار ہونے والے اشتہاری کو بذریعہ انٹر پول بیرون ملک سے گرفتار کرلیا